

گندے پانی کو نکالنے کیلئے قبرستان سے پکے نالے بنانے کا معاملہ

افسران پر زبردستی قبرستان سے نالہ نکالنے کی کوشش کا الزام

خواتین کے احتجاج کے بعد کھدائی کے کام کو روکا گیا ❖ سیوریج کو زبردستی قبرستان میں ڈالنے پر زبردست مخالفت کا انتباہ

دیوبند (اشرف عثمانی/ ایس این بی) دیوبند کوتوالی علاقہ کے گاؤں کھیڑا مغل میں بستی کے گندے پانی کو نکالنے کے لیے قبرستان سے بنائے جا رہے پکے نالے کا تنازع تھمنے کا نام نہیں لے رہا ہے۔ 2 روز سے بنائے جانے والے نالے کی کھدائی کا کام خواتین کے احتجاج کے باعث اتوار کو روک دیا گیا۔ تاہم اس دوران خواتین نے نالے سے نکالی گئی مٹی کو فاوڑے سے کھودے ہوئے نالے میں ڈالنے کی کوشش کی۔ گزشتہ ایک ماہ سے کھیڑہ مغل میں واقع قبرستان سے بنائے جا رہے نالے کا تنازع تھمنے کا نام نہیں لے رہا ہے۔ گاؤں والوں کا الزام ہے کہ افسران قبرستان سے زبردستی گندے پانی کی نکاسی کا نالا بنوانے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم حال ہی میں قبرستان فریق کے لوگوں نے نائب تحصیلدار دیویندر کمار اور حلقہ پٹواری کے سامنے الزام لگایا تھا کہ دوسرے فریق نے سڑک کی سی سی کو کئی فٹ اونچا کر کے گندے پانی کی نکاسی کو روک دیا، جس کی وجہ سے گندا پانی قبرستان میں جا رہا ہے، جس کے سبب اب دونوں فریق کے لوگ آمنے سامنے آنے لگے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی قبرستان فریق کے لوگوں کا الزام ہے کہ پردھان جان بوجھ کر نالے کو اس جگہ سے لے جا رہے ہیں جہاں سے مستقبل میں گندا پانی قبرستان میں ہی جائے گا۔ گرام پردھان گرُپال نے بتایا کہ فی الحال گرام پنچایت کے ذریعہ چکروڈ پر نالے کی کھدائی کی جا رہی ہے۔ جس کے بعد پانی کی نکاسی کو جہاں افسران ہدایت دیں گے وہاں موڑ دیا جائے گا۔ تاہم اس دوران خواتین نے ہاتھوں میں فاوڑے لے کر کام روک دیا اور نالے کے لیے کھودی گئی مٹی کو اس میں ملانے کی کوشش کی۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر انہیں سمجھایا۔ اس دوران خورشیدہ، نثارہ، فریدہ، ثمینہ، رضیہ، فرقانی اور دیگر خواتین نے کہا کہ قبرستان ایک مقدس جگہ ہے جہاں سے گندا پانی نہیں نکلنا چاہیے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ اگر سیوریج کو زبردستی قبرستان میں ڈالا گیا تو اس کی زبردست مخالفت کی جائے گی۔

ریت کے غیر قانونی دھندہ کیخلاف مہم جاری

ایس ڈی ایم سنگیتا راگھو نے رات میں کی کارروائی، ٹرالی ضبط

شاھد زبیری

سہارنپور (ایس این بی) یہاں ہریانہ کی سرحد میں پڑنے والی جمنا سے غیر قانونی طور پر ریت بجری کا غیر قانونی دھندہ یہاں پھل پھول رہا ہے۔ اس کو روکنے کیلئے ایس ڈی ایم نکوڑ نے مہم شروع کی ہے، اسی کے تحت کل یہاں نکوڑ ایس ڈی ایم سنگیتا راگھو نے ایکشن لیتے ہوئے ہریانہ سے نکوڑ کے راستہ لائی جا رہی ٹریکٹر ٹرالی کو پکڑا۔ اسمگلر ٹریکٹر لیکر فرار ہو گئے اور ریت سے بھری ٹرالی چھوڑ گئے ہیں۔ اس غیر قانونی کام میں ریت مافیا بہت سرگرم ہے۔ ایس ڈی ایم سنگیتا راگھو نے بتایا کہ اس غیر قانونی دھندہ کی شکایتیں ملنے پر انہوں نے اس کو روکنے کیلئے کل رات یہ ایکشن لیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہریانہ سے روزانہ رات میں ریت سے بھری ٹریکٹر ٹرالیاں نکوڑ کے راستہ سے یوپی میں لائی جا رہی ہیں جس سے یوپی کے مالیاتی محکمہ کو کافی نقصان ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گاؤں پو بھاری میں ٹرالی ضبط کی ہے جبکہ اسمگلر ٹریکٹر لیکر فرار ہونے میں کامیاب رہے۔ کل رات کی گئی اس کارروائی میں تحصیلدار جسمیندر سنگھ، تھانہ انچارج دھرمیندر گوتم اور محکمہ مالیات کی ٹیم بھی موجود تھی۔ ایس ڈی ایم نکوڑ سنگیتا راگھو نے صاف کہا کہ علاقہ میں کوئی بھی غیر قانونی دھندہ پھلنے پھولنے نہیں دیا جائے گا اور اس کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریت کے اس غیر قانونی دھندہ کیخلاف مہم جاری رہے گی۔

چندر شیکھر آزاد سے پارٹی کارکنان اجازت کے بعد ہی مل سکیں گے

سہارنپور (ایس این بی) سہارنپور سے تعلق رکھنے والے نگینہ سے منتخب ایم پی، بھیم آرمی چیف و آزاد سماج پارٹی کے قومی صدر چندر شیکھر آزاد سے ملنے کیلئے اب پارٹی کارکنوں کو بھی پہلے وقت لینا پڑے گا تب ہی ملاقات ممکن ہو گی۔ اس بابت آزاد سماج پارٹی کی طرف سے یہ فرمان جاری کیا گیا ہے۔ فرمان میں وارننگ دی گئی ہے کہ اس کی ان دیکھی کرنے والے کارکنان کے خلاف ڈسپلن شکنی کی کارروائی کی جائے گی۔ اس بابت ایک لیٹر سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے جو پارٹی کے یوپی کے صدر سنیل کمار چتوڑ کی طرف سے جاری ہوا ہے۔ اس فرمان میں کہا گیا ہے کہ ایم پی بن جانے کے بعد چندر شیکھر آزاد کی مصروفیات کے سبب یہ کیا گیا ہے۔ اس لیٹر کی بابت چندر شیکھر آزاد نے ایک چینل سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی کی طرف سے جو بھی ہدایت پارٹی کارکنوں کو جاری کی گئی ہے وہ ابھی ان کے علم میں نہیں ہے اگر ہے تو یہ پارٹی کا فیصلہ ہے، پارٹی کارکنوں کو اس پر عمل کرنا چاہیے۔

سالانہ تربیتی کیمپ کا انعقاد

میرٹھ (ایس این بی) چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی میں منعقدہ مشترکہ سالانہ تربیتی کیمپ 258 کے آج پانچویں روز تربیتی پروگرام کے مطابق کیڈٹس کو فزیکل ٹریننگ دی گئی اور تیسری پلاٹون کی فائرنگ ہوئی۔ اس کے بعد تمام کیڈٹس کے لیے ایک ڈرل ہوئی جس میں فرنٹ سلوٹ، رائٹ اور لیفٹ سیلوٹ سکھایا گیا۔ اس کے بعد تمام پلاٹون کے لیے جنرل اور اسپیشلائزڈ آرمی کے مضامین سے متعلق کلاسز کا انعقاد کیا گیا۔ اس کے ساتھ ہی ایک خصوصی لیکچر کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں سیلف سلیکشن بورڈ کے شبھم ورشنے نے کیڈٹس کو مسلح افواج میں شمولیت کے حوالے سے کیریئر کاؤنسلنگ فراہم کی۔ شام کے وقت تربیتی پروگرام کے مطابق کھیلوں کے مقابلے اور ثقافتی پروگرام کی مشق بھی کی گئی۔

اسکول کے دروازے جیل کے دروازے بند کردیتے ہیں: انجینئر محمد جابر

مظفر نگر (پریس ریلیز) چرتھاول کے گاؤں کالہیڑی میں ہونہار طلبا کو اعزاز سے نوازا گیا۔ کالہیڑی ویلفیئر ٹرسٹ کے بینر تلے منعقد ہونے والے اس پروگرام میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سابق کو-رجسٹرار ذوالفقار حسین نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ دہلی کے معروف سماجی کارکن انجینئر محمد جابر نے بطور مہمان ذی وقار شرکت کی۔ اس دوران کالہیڑی گاؤں کے ہائی اسکول اور کلاس 12 ویں میں ٹاپ کرنے والے طلبا کو لیپ ٹاپ دے کر اعزاز سے نوازا گیا۔ گاؤں کالہیڑی میں واقع عمید علی فارم ہاؤس میں منعقدہ اس پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انجینئر محمد جابر نے تعلیم کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اسکول کا دروازہ جیل کے دروازے کو بند کر دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کی اہمیت کو ہر گھر تک پہنچانا بہت ضروری ہے، اگر ہم اب بھی خاموش بیٹھے رہے تو یہ معاشرے پر ظلم کرنے کے مترادف ہوگا۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سابق کو-رجسٹرار ذوالفقار حسین نے کہا کہ آج زمانہ بہت تیزی سے بدل رہا ہے، نئی ٹکنالوجی آچکی ہیں، ایسے میں ہر شہری کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو اچھی تعلیم دے۔ کالہیڑی ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام اس پروگرام کی نظامت ماہر تعلیم عادل خان نے کی۔ اس پروگرام میں دسویں اور بارہویں جماعت پاس کرنے والے طلبا کو یادگاری نشانات سے نوازا گیا۔ پروگرام میں طاہر چوہدری، غفران احمد، تیمور چوہان، ماسٹر مشرف، ماسٹر افضل، تیمور ایڈووکیٹ، ڈاکٹر حقیت علی، وقار راؤ، سلمان ایڈووکیٹ، ڈاکٹر ابن حسن، ڈاکٹر مدثر، سلطان احمد، ڈاکٹر انتخاب ایم بی بی ایس، ماسٹر شہزاد، ماسٹر صلاح الدین، بادشاہ خان سمیت کئی معززین نے شرکت کی۔

شاہنواز خان کے ہاتھوں ایم ایل سی فنڈ سے تعمیر سڑک کا افتتاح

سہارنپور (ایس این بی) آج یہاں سماجوادی پارٹی کے ایم ایل سی شاہنواز خان نے گاؤں بمیالہ میں اپنے ایم ایل سی فنڈ سے تعمیر کرائی گئی سی سی سڑک کا افتتاح ربن کاٹ کر کیا۔ واضح رہے کہ ضلع سہارنپور کی سبھی گرام سبھاؤں میں انہوں نے اپنے ایم ایل سی فنڈ سے سی سی سڑکیں تعمیر کرائی ہیں اور کسی کے ساتھ کوئی امتیاز نہیں کیا ہے۔ یہاں پٹھانوں کی بستی بمیالہ میں سڑک کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی پوری کوشش رہی ہے کہ ایم ایل سی فنڈ کا جو بھی پیسہ آتا ہے اس کو عوامی فلاحی کاموں پر زیادہ سے زیادہ خرچ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں اس فنڈ کا استعمال ہو سکتا ہے وہ اس فنڈ کو استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس فنڈ کا مقصد بھی یہی ہے کہ اس فنڈ کو عوامی فلاح بہبود کیلئے استعمال کیا جائے اور فنڈ واپس نہ جائے۔ انہوں نے وہاں موجود ذمہ دار لوگوں سے کہا کہ وہ عوام کی خدمت کیلئے ہر وقت تیار ہیں اور ان کے دروازے سب کیلئے کھلے ہوئے ہیں۔ اس موقع پر سماجوادی پارٹی کے سینئر لیڈر پرویز خان، عبدالاحد خان، فرحت خان، ذیشان خان، ناصر خان، آفاق خان، ریحان خان، ڈاکٹر اعتماد خاں، کیپٹن عدنان خان سمیت گاؤں کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

اتر پردیش جن کلیان منچ کی میٹنگ منعقد، عوامی مسائل پر غور وفکر کیا گیا

دیوبند (ایس این بی) اتر پردیش جن کلیان منچ کی جانب سے ایک میٹنگ منعقد کی گئی۔ اس میٹنگ کے دوران عوامی مسائل پر غور وفکر کیا گیا اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ عوامی مسائل کو حل کرنے میں دلچسپی کا مظاہرہ کرے۔ تفصیل کے مطابق دیوبند کی معروف سماجی تنظیم اتر پردیش جن کلیان منچ کی جانب سے عوامی مسائل کو حل کرانے کی خاطر ایک میٹنگ منعقد کی گئی۔ اس میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے تنظیم کے صوبائی صدر چودھری اوم پال سنگھ نے کہا کہ روہانہ ٹول پلازہ پر صوبہ کے تمام دوسرے ٹول پلازہ کے مقابلہ سب سے زیادہ ٹول وصول کیا جا رہا ہے جو اس علاقہ کی عوام کے لئے سراسر ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیرت کی بات یہ ہے کہ روہانہ ٹول پلازہ پر مقامی لوگوں کو بھی چھوٹ نہیں دی جا رہی ہے لیکن اب اس صورت حال اور ناانصافی کو کسی قیمت پر برداشت نہیں کیا جائے گا۔ چودھری اوم پال سنگھ نے سرکاری اسپتال میں دی جانے والی خدمات کا خصوصی تذکرہ اور ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری اسپتال میں ڈاکٹروں اور سرجن کے نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں کا ٹھیک طریقہ سے علاج ناممکن ہو رہا ہے، ایسی صورت میں غریب مریضوں کو دیوبند سے باہر جا کر نجی اسپتالوں میں علاج کرانے کے لئے مجبور ہونا پڑ رہا ہے۔ اس موقع پر چودھری اوم پال سنگھ نے عوام سے اپیل کی کہ ماحولیات کو محفوظ رکھنے کے لئے درختوں کو کاٹنے سے گریز کریں بلکہ زیادہ سے زیادہ پودے لگا کر علاقہ کو ہرا بھرا رکھنے کو ترجیح دیں۔ اسی طرح پانی کو بھی ضرورت کے اعتبار سے خرچ کریں اور اس کو برباد ہونے سے بچائیں۔ اس میٹنگ میں حارث ملک، وجے بجاج، گلشن پنڈیر، ریکھا، اسنیہا ٹنڈن، برم سنگھ، ڈاکٹر روبندر، راج پال، کھیم کرن، محمد حنیف، واجد علی اور ڈاکٹر بی پی سنگھ موجود رہے۔

ضروری اطلاع

قارئین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اس اخبار میں شائع ہونے والے سبھی اشتہارات پر کارروائی کرنے سے پہلے پوری تحقیق کر لیں اور مناسب صلاح لے لیں۔ کوئی بھی سبسکرائبر جو اس اخبار میں شائع کسی اشتہار جیسے ٹاور، نوکری، قرض سے متعلق یا دیگر کسی بھی طرح کے سلسلہ میں کوئی رقم بھیجتا ہے کیا کسی طبی صلاح پر کوئی کارروائی یا خرچ کرتا ہے یا کوئی وعدہ کرتا ہے تو ایسا وہ اپنے خود کے ضمیر، عقل اور جوکھم پر کریں گے۔ کمپنی، ناشر یا اس کا کوئی ملازم اشتہار دہندہ کے ذریعہ ان کے کسی پروڈکٹ یا سروس کے لیے کیے گئے کسی دعوے کی سچائی کی یقین دہانی نہیں کراتے اور ایسے اشتہارات پر یقین کر کے کسی شخص کو ہوئے کسی خسارے، نقصان اور نتائج کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

हरियाणा सरकार
निर्भीक और शौर्यवान महान योद्धा
बाबा बंदा सिंह बहादुर जी
की शहादत को
शत-शत प्रणाम
24 जून, 2024
"बंदा सिंह बहादुर एक महान योद्धा थे। उनका जीवन हम सभी के लिए प्रेरणा है। मैं बाबा बंदा सिंह बहादुर को उनकी बहादुरी और बलिदान के लिए नमन करता हूं।"
- नरेन्द्र मोदी
सूचना, जन सम्पर्क एवं भाषा विभाग, हरियाणा
www.prharyana.gov.in | Follow us on
@diprharyana